مَ بَ وَ فَ | ثَ ذَ ظَ تَ دَ طَ زَ سَ صَ لَ نَ رَ | جَ شَ یَ | ضَ كَ قَ | ءَ ہَ عَ حَ غَ خَ | ا

## سبق 04

| | | |
|---|---|---|
| طَ | دَ | تَ |

**مخرج** ت، د، ط :زبان کی نوک کواوپر کے دانتوں کی جڑ سے لگایا جائے تو"ت، د، ط"حروف ادا ہوتے ہیں، ان تینوں حرف کا مخرج ایک ہے،فرق یہ ہے کہ "ت" کی آواز نرم اور نیچی ہو گی، "د" کی آواز صرف نیچی ہو گی جبکہ "ط" کی آواز بہت موٹی اونچی ہو گی۔

پہلی لائن میں تاء، **دال** اور طاء کی پوری اور مختصر شکل دی گئی ہے،اس کے نیچے اسی کی وہی شکل دی گئی ہے مگراس کے ساتھ ایک لائن جڑی ہوئی ہے۔

**نوٹ**: دال بہت دبلا ہے اس لئے اس کی مختصر شکل نہیں ہے،اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ دوسرے حروف کے ساتھ مل کر نہیں آتا،اس کے پہلے کوئی حرف مل کر آسکتا ہے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| طَـ | طَ | دَ | دَ | تَـ | ةَ | تَ |
| ـطَـ | ـطَ | ـدَ | ـدَ | ـتَـ | ـةَ | ـتَ |

**مشق**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ةَ | ـطَـ | ـتَ | ـدَ | طَ |
| تَـ | ـدَ | ـتَـ | طَ | ـةَ |

پچھلے اسباق میں پڑھے گئے حروف کی مشق کیجیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَ | ـفَـ | ـوَ | ـمَـ | فَـ |
| ـبَ | ـفَ | ـمَـ | ـبَـ | ـمَ |
| ـفَـ | ـوَ | بَـ | مَـ | ـبَ |